# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبه! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی**

کورس: تاریخ ادب اردو اور ادبی تحریکیں (9013) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1- عادل شاہی اور قطب شاہی عہد کی شاعری پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 2- ایہام گو شعرا کے کلام پر تبصرہ کریں اور بتائیں کہ اس تحریک سے اردو ادب کو کیا فائدہ پہنچا۔ (20)

سوال 3- ''غالب اردو غزل کا سب سے بڑا شاعر ہے۔'' ان کے کلام کے تناظر میں اس رائے کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 4- لکھنو دور کی اردو شاعری نے کن اصنافِ سخن کی ترویج اور ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا؟ تفصیل کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال 5- فورٹ ولیم کالج نے اردو زبان کو کس طرح نقصان پہنچایا؟ اردو ہندی تنازع کے حوالے سے جواب لکھیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ: 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1- انجمن پنجاب کے حوالے سے مولوی الطاف حسین حالی اور مولوی محمد حسین آزاد کی خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 2- اردو زبان و ادب کے فروغ میں تحریک علی گڑھ کی خدمات پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال 3- سرسید تحریک کے ردعمل میں ''اودھ پنچ'' کے کردار کا جائزہ لیتے ہوئے اس سے وابستہ کسی ایک شاعر کے کلام کا تجزیاتی مطالعہ کریں۔ (20)

سوال 4- رومانوی تحریک سے وابستہ کسی ایک شاعر یا نثر نگار کے فکر و فن کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 5- ترقی پسند تحریک کے زیرِ اثر تخلیق ہونے والے نثری ادب کا تفصیل کے ساتھ جائزہ لیں۔ (20)